07/05/2025

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مشاہد احمد سے خبریں سُنئے

آپریشن سندور

بھارت کے ہتھیار بند فوج نے پاکستان اور پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں دوران شب کئی دہشت گرد ٹھکانوں پر حملے کئے ہیں۔ بھارت نے کہا ہے کہ آپریشن سندور نام کی یہ کاروائی پہلگام حملے کا ردم عمل ہے۔

بھارت سرکار کی طرف سے جا ری کر دہ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ سرحد پار 9مقامات کو نشانہ بنایا گیا□بتہ یہ حملے مخصوص ٹھکانوں پر مرکوز تھے،جس دوران انتہائی تحمل کا مظاہرہ کیا گیا۔

وزیر اعظم نریندر مو دی نے رات بھر آپریشن سندور کی از خود نگرانی کی ۔ آپریشن کے بارے میں آج دن میں ایک تفصیلی بیان جا ری کیاجائے گا۔

ردعمل

حملے کے فوراً بعد قومی سلامتی کے مشیر اجیت دووال نے اپنے امریکہ کے ہم منصب سے بات کر کے انہیں اس کاروائی کی نسبت سے جانکاری دی۔

امریکی صدر ڈونا□ڈ ٹرمپ نے اُبھرتی صورتحال پر رد عمل ظاہر کر تے ہوئے کہا کہ□وگ جانتے تھے کہ کچھ نہ کچھ ہونے والا ہے۔ انہوں نے اُمید ظاہر کی کہ صورتحال پر جلد قابو پایا جائے گا۔

اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انٹونیو گوترس نے بھی دونوں مما□ک کوصبرسے کام□ینے کی تلقین کی ہے۔

PIB

دریں اثناءپریس انفارمیشن بیورو نے سرینگر ائر بیس کو پاکستانی فضائیہ کی طرف سے نشانہ بنایا جانے کی خبر کو غلط اور بے بنیاد قرار دیا ہے۔

PIB نے کہا ہے کہ اس سلسلے میں دکھایا جا رہا ویڈیو پُرانا ہے اور وہ بھارت کا نہیں ہے۔ بیورو نے عوام سے کہا ہے کہ وہ غیر تصدیق شدہ اطلاعات نہ پھیلائیں۔

حج

موجودہ صورت حال کے پیش نظر شمالی بھارت کے کئی ہوائی اڈے فی الحال بند کئے گئے ہیں اور پروازیں منسوخ کی گئی ہیں۔

جمونو کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آج کی حج پروازوں کے بارے میں بتایا کہ فی الحال عازمین کرام اپنے گھروں میں ہی قیام کریں اور انہیں اب سے تھوڑی دیر میں مطلع کیا جائے گا۔

سکول

دِگرگوں صورتحال کے پیش نظر جموں، سانبہ، کٹھوعہ، راجوری اور پونچھ اضلاع کے تمام تعلیمی اداروں کا آج بند رکھا گیا ہے۔

صوبائی انتظامیہ کشمیر نے بھی کپواڑہ اور بارہمولہ اضلاع کے علاوہ بانڈی پورہ کے گریز علاقے میں آج تعلیمی ادارے بند رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔

ادھر کشمیر یونیورسٹی کی طرف سے بھی آج ہوئے جانے والے تمام امتحانات کو موخر کردیا گیا ۔

LOC

اس دوران سرحدی علاقوں میں پاکستانی فائرنگ اور شلنگ کے نتیجے میں تین بھارتی شہری جا ں بحق ہوگئے ہیں۔

دفاعی ذرائع کے مطابق پاکستانی فوج نے دوران شب لائن آف کنٹرول اور بین الاقوامی سرحد کے متصل کئی علاقوں میں اسطرح کی فائرنگ اور شلنگ کی، جس کے نتیجے میں تین عام شہری ہلاک ہو گئے ہیں۔

مشق

دريں اثناءآج ملک کے244 اضلاع ميں سيول ڈيفنس ماک ڈرل کا اہتمام ہے۔ اس دوران اس فورس کے رضا کار لارٹ کئے جائيں گے اور سيول ڈيفنس کے ساز و سامان کی جانچ اور آزمائش کی جائےگی۔

منتخب شده اضلاع کو حساس زمرے کے تحت نوٹيفائی کيا گيا ہے۔ جمونو کشمير ميں بهی يہ مشق منعقد کی جا رہی ہے اور يہ سہ پہر4بجے سے شروع ہو گی۔

آکاشوانی دلی نے اس سلسلے ميں کل شام// محکمہ داخلہ کے // فائراينڈ ايمرجنسی شعبے کے ڈائريکٹر جنرل وويک سری واستو کے ساته ايک پروگرام نشر کيا، جس کا کشميری ورجن اب سے تهوڑی دير بعد يعنی صبح ساڑهے نوبجے آکاشوانی سرينگر سے نشر کيا جائے گا۔

CM

وزير ٰ اعلی عمر عبدالله نے جمونو کشمير ميں ٰ اعلی تعليمی اداروں کو مستحکم کرنے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔ انہوں نے ٰ اعلی تعليم کا معيار اور اسکی رسائی بڑهانے کےلئے اختراعی اور تعميری اپروچ کے ساته آگے بڑهنے پر زور ديا۔

وه سرينگر ميں سرکرده ماہر تعليم اور کشمير يونيورسٹی کے سابق وائس چانسلر پروفيسر خورشيد اندرابی کے ساته جمونو کشمير کے ٰ اعلی تعليم کے منظر نامے پر تبادلہ خيال کر رہے تهے۔

وزير ٰ اعلی نے يونيورسٹيوں کو مستقبل کے چلينجوں کےلئے تيار کرنے کی ضرورت اُجاگر کی۔

چيف سيکريٹری

چيف سيکريٹری اٹل ڈلو نے جمونو کشمير ميں سب کی ملای شموليت کے علاوه
کے دعووں پر سرعت کے ساته کاروائی کرنے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔ Settlements

وه جمونوکشمير ميں حکومت ہند کی// ملاياتی شموليت اورسماجی سلامتی// کی سکيموں کی پيش رفت کا جائزه لے رہے تهے، جو لاگ لاگ بنکوں اور ملاياتی اداروں کے تحت عملائی جا
رہی ہيں۔

درجہ حرارت

سرينگر ميں رات کا کم سے کم درجہ حرارت15اعشاريہ9ڈگری جبکہ جمو ں ميں رات کا کم سے کم درجہ حرارت23اعشاريہ1ڈگری سيلسيس درج کيا گيا۔

اس کے ساته ہی خبروں کا يہ بليٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

....

....

....